بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماشاءاللہ لاقوۃ الا باللہ یاحیُّ یاقیّوم

اللّٰھمّ صلِّ وسلّم وبارک علیٰ سیّدنا ومولٰنا وحبیبنا محمّدٍ النّبیّ الاُمّیّ وعلیٰ اٰلہٖ واصحابہٖ وعترتہٖ بعددِ کلّ
معلومٍ لّک وبعددِ خلقک ورضیٰ نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفراللہ الّذی لآ اِلٰہ
اِلّا ھو الحیُّ القیّوم واتوب الیہ یاحیُّ یاقیّوم

مکشوفاتِ منازلِ احسان

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت دارالاحسان

لِلتّقسیم والتّوزیع فی سبیلِ اللہ
لانتفاعِ و النفع

لجمیع امّۃِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

لمرضات اللہ تعالٰی ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم۔ اٰمین

مؤلّف : ابوانیس محمّد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المقام النّجاف الصّحاف المقبول المصطفین ○ دارالاحسان فیصل آباد
پاکستان

یا حیُّ یا قیُّومُ

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علیٰ سیدنا ومولانا محمد حبیبک النبی الامی وعلیٰ آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضاء نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک سبحان اللہ العظیم

جلد بست و یکم
۲۱

طبع ——— اوّل

مطبع ——— نثار آرٹ پریس پرائیویٹ لمیٹڈ ، لاہور

طابع ——— المستفیض دار الاحسان ، فیصل آباد

مقام اشاعت

المقام النجّافُ الصحّافُ المقبول المصطفینُ ◎ دارُالاِحسان

المستفیض دارُالاحسان چک ۲۴۲ ر-ب (دسوہہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پنجاب پاکستان فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یا حیّ یا قیوم
یا ذا الجلال والاکرام

یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا ذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ

کتابُ النّبیِّ الاُمّی صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ عدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی
نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ○ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْمَكِّیِّ الْمَدَنِیِّ التِّهَامِیِّ الْحِجَازِیِّ الْاَبْطَحِیِّ صَاحِبِ الْقَضِیْبِ وَالنَّاقَةِ وَالتَّاجِ وَالْكَرَامَةِ صَاحِبِ شَهَادَةِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اِلٰی مُتَصَرِّفِ الدَّارِ وَالدَّیَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالْعُمَّارِ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ ○
اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِی الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ یَّكُنْ طَارِقًا مُّوْلِیًا اَوْ مُؤْذِیًا اَوْ خَدَعَنَا حَقًّا اَوْ بَاطِلًا اَوْ مُؤْذِیًا اَوْ مُقْتَحِمًا
فَاتْرُكُوْا حَمَلَةَ الْقُرْاٰنِ وَانْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ یُرْسَلُ عَلَیْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ ○ بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا اَحَدٌ مِّثْلَ اللّٰهِ وَلَا شَیْءَ سِوَی اللّٰهِ وَبِسْمِ اللّٰهِ اَسْتَفْتِحُ وَعَلَی اللّٰهِ اَتَوَكَّلُ
حَامِلُ كِتَابِیْ هٰذَا فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَفِیْ حِفْظِهٖ وَفِیْ كَنَفِهٖ وَفِیْ سِتْرِهٖ اَیْنَ مَا كَانَ وَحَیْثُ مَا تَوَجَّهَ لَا تَقْرَبُوْهُ وَلَا تُفْزِعُوْهُ وَلَا
تُضَارُّوْهُ قَائِمًا وَّقَاعِدًا وَّنَائِمًا وَّلَا فِی الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ وَلَا فِی اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَلَا فِیْ یَوْمٍ وَّلَا فِیْ نَهَارٍ وَّلَا فِیْ بَرٍّ وَّ
لَا فِیْ بَحْرٍ وَّكُلَّمَا سَمِعْتُمْ صَوْتَ حَامِلِ كِتَابِیْ بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاَدْبِرُوْا عَنْهُ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰهِ ، بِاللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ غَالِبٌ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ اَعْلٰی مِنْ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ، وَبِحَقِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الثَّقَلَیْنِ ○ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَامِلَ كِتَابِیْ هٰذَا ، بَلْ مَنْ عَلَّقَ عَلَیْهِ هٰذِهِ الْاَسْمَاءَ ، بِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَكْتُوْبٌ
عَلٰی سُرَادِقَاتِ الْعَرْشِ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ هُوَ الْغَالِبُ الَّذِیْ لَا یَغْلِبُهٗ شَیْءٌ وَّلَا یَنْجُوْ مِنْهُ هَارِبٌ ، فَاُعِیْذُهٗ
بِالْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَبِالْعَیْنِ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَالْعَرْشِ الَّذِیْ لَا یَتَحَرَّكُ وَالْكُرْسِیِّ الَّذِیْ لَا یَزُوْلُ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَكْتُوْبٌ فِی
اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَكْتُوْبٌ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ حُمِلَ بِهٖ عَرْشُ بِلْقِیْسَ اِلٰی سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ
السَّلَامُ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْهِ طَرْفُهٗ ، وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَزَلَ بِهٖ جِبْرَائِیْلُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
هُوَ مَكْتُوْبٌ فِیْ قَلْبِ الشَّمْسِ وَاُعِیْذُهٗ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ سَرَاهُ بِهِ السَّحَابَ الثِّقَالَ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ وَ
بِالْاِسْمِ الَّذِیْ تَجَلّٰی بِهِ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ لِمُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ فَخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا ، وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ كُتِبَ بِهٖ عَلٰی وَرَقِ الزَّیْتُوْنِ
وَاُلْقِیَ فِی النَّارِ فَلَمْ یَحْتَرِقْ ، وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ مَشٰی بِهِ الْخِضْرُ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلَی الْمَاءِ فَلَمْ یَبْتَلَّ قَدَمَاهُ ، وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
نَطَقَ بِهٖ عِیْسٰی وَهُوَ ابْنُ مَرْیَمَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا وَّاَبْرَاَ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاَحْیَی الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
نَجّٰی بِهٖ یُوْسُفَ مِنَ الْجُبِّ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَا بِهٖ اِبْرَاهِیْمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ نَّارِ نَمْرُوْدَ حِیْنَ اُلْقِیَ فِی النَّارِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَا بِهٖ
یُوْنُسُ مِنْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ فُلِقَ بِهِ الْبَحْرُ لِمُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ وَجُعِلَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ وَاُعِیْذُهٗ بِتِسْعِ
اٰیَاتٍ الَّتِیْ نَزَلَتْ عَلٰی مُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ بِطُوْرِ سِیْنَاءَ ، وَاُعِیْذُهٗ مِنْ كُلِّ عَیْنٍ نَّاظِرَةٍ وَّكُلِّ اُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّالسُّنٍ نَّاطِقَةٍ وَّاَیْدٍ
بَاطِشَةٍ وَّقُلُوْبٍ وَّاعِیَةٍ فِیْ صُدُوْرٍ خَاوِیَةٍ وَّاَنْفُسٍ كَافِرَةٍ وَّمِنْ كُلِّ مَنْ یَّعْمَلُ عَمَلَ السُّوْءِ وَمِنْ سُوْءِ شَرِّ التَّوَابِعِ وَالسَّحَرَةِ وَ
مَنْ فِی الْجِبَالِ وَالْاَرْضِ وَالْخَرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَسَاكِنِ الْاٰجَامِ وَسَاكِنِ الْبِحَارِ وَسَاكِنِ ضِیْقِ الظُّلَمِ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ
وَجُنُوْدِهِمْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ غُوْلٍ وَّغُوْلَةٍ وَّسَاحِرٍ وَّسَاحِرَةٍ وَّسَاكِنٍ وَّسَاكِنَةٍ وَّتَابِعٍ وَّتَابِعَةٍ وَّمِنْ شَرِّهِمْ وَشَرِّ اٰبَائِهِمْ
وَاُمَّهَاتِهِمْ وَاَبْنَائِهِمْ وَبَنَاتِهِمْ وَاَخَوَاتِهِمْ وَعَمَّاتِهِمْ وَخَالَاتِهِمْ وَقَرَابَتِهِمْ وَمِنْ شَرِّ الْمَوَارِدِ وَالْمَحْرَةِ وَالطَّیَّارَاتِ وَمِنْ شَرِّ
سَاكِنِ الْجِبَالِ وَالتُّرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَالرِّیَاضِ وَالْخَرَابِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَالْجِبَالِ وَمَنْ یَّسْكُنُ فِی الظُّلُمَاتِ وَمِنْ
شَرِّ مَنْ یَّسْكُنُ فِی الْعُیُوْنِ وَمَنْ یَّمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ وَیَكُوْنُ مَعَ الدَّوَابِّ وَالْمَوَاشِیْ وَالْوُحُوْشِ وَیَسْتَرِقُ السَّمْعَ وَمَنْ اِذَا قِیْلَ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَذُوْبُ كَمَا یَذُوْبُ الرَّصَاصُ وَالْحَدِیْدُ عَلَی النَّارِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَكُوْنُ فِی الْاَرْحَامِ وَالْاَجَامِ وَالْاَطَامِ وَمِنْ شَرِّ مَا
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَاُعِیْذُهٗ مِنَ الْخَطَرِ وَالنَّظَرِ وَالْكِبَرِ هَیًّا شَرًا هَیًّا مَهْلًا ، اللّٰهُ هُوَ اَجَلُّ وَاَعَزُّ وَاَقْدَرُ مِنَ
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ كُلِّ عَیْنٍ بَاغِیَةٍ وَّاُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّمِنْ شَرِّ الدَّاخِلِ وَالْخَارِجِ وَمِنْ شَرِّ عَفَارِیْتِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ
كُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ غَادٍ وَّرَائِحٍ وَّمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الرِّیَاحِ مِنْ عَجَمِیٍّ وَّفَصِیْحٍ وَّنَائِمٍ وَّیَقْظَانَ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ مَنْ تَنْظُرُ اِلَیْهِ الْاَبْصَارُ
وَتَضُمُّ اِلَیْهِ الْقُلُوْبُ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الْاَرْضِ وَسَاكِنِ الزَّوَایَا وَمِنْ شَرِّ مَنْ یَّصْنَعُ الْخَطِیْئَةَ وَیُوْلَعُ بِهَا وَمِنْ شَرِّ مَا تَنْظُرُ اِلَیْهِ الْاَبْصَارُ
وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِهٖ وَمِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ ○

یہ مقدس مکتوب پیرس (فرانس) کے شاہی عجائب گھر سے دستیاب ہوا

پاکستان میں اسکی پہلی بار اشاعت کا شرف دارُالاحسان کو نصیب ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الٓمٓ ﴿١﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿٢﴾ آل عمران

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ البقرة ٢٥٥

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَنْتَ بَاقِیْ

وَکُلُّ شَیْءٍ فَانِیْ

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝ وَّيَبْقٰى

وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

ترجمہ : جتنے روئے زمین پر موجود ہیں، سب فنا ہو جائیں گے اور آپ کے پروردگار کی ذات جو کہ عظمت اور احسان والی ہے، باقی رہ جائے گی (الرحمٰن آیت ۲۶، ۲۷)

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ط

۱۔ ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے (آل عمران : آیت ۱۸۵)

۲۔ ہر جاندار موت کا مزہ چکھے گا۔ (الانبیاء آیت ۳۵)

یا حیّ یا قیوم

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَكَ

ہر چیز ہلاک ہو جانے والی ہے مگر تیری ذات

یا حیّ یا قیوم

(حصن حصین ص ۱۱۵/۷ عن ابی امامہ باھلیؓ کتاب العمل بالسنۃ جلد ۲ ص ۸۰)

لَنْ تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ

تیری طاعت نہیں کی جا سکتی مگر تیرے حکم سے

یا حیّ یا قیوم

(ابو امامہ باھلیؓ۔ حصن حصین ص ۱۱۵-۷) کتاب العمل بالسنۃ جلد ۲ ص ۸۰)

۱۰۵۹۸

جس مہلت کی تم کل طلب کرو گے،

آج ملی ہوئی ہے اور

یہی مُردوں کی تمنّا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۵۹۹

صرف یہ کہنا مطلب پُورا کرتا ہے

وَ فَقِّنِی لِلخَيرِ حَيثُ كَانَ

(توفیق دے مجھے بھلائی کی، جہاں کہیں وہ ہو)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۶۰۰

تیری آمد ہی نے آدمیت کو

انسانیت

وبشریت

کا شرف بخشا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

والله ذوالفضل العظيم

۱۰۶۰۱

یہ کہنے ہی کی دیر ہے

میں تیرا طالب، تو میرا مطلوب، یاحیّ یاقیوم

طالب ــــــ مطلوب کی تمنّا اور

مطلوب ــــــ طالب کی آبرو۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۶۰۲

شمع آئی ، پروانہ تھا لائی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

واللهُ ذو الفضل العظيم

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ

تو ان کی دعا سن لی ان کے ربّ نے کہ میں

لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ

اکارت نہیں کرتا تم میں سے کام کرنے والے کی محنت کو

مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ

مرد ہو یا عورت تم آپس میں

مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ

ایک ہو تو وہ لوگ جنہوں نے

هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ

ہجرت کی اور نکالے گئے اپنے

دِیَارِہِمْ وَاُوْذُوْا فِیْ

گھروں سے اور ستائے گئے میری

سَبِیْلِیْ

راہ میں

(مسلم / کتاب العلم بالسنۃ ج ۱ ص ۱۰۱۳ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما)

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
واللهُ ذُوالفضل العظيم

۱۰۶۰۳

بِیَدِہِ الْخَیْرُ

ہر چیز اللہ ہی کی طرف سے عطا ہوتی ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۶۰۴

ADOPTION OF WILD LIFE

IS, OF COURSE, A TOUGH TASK.

WHEN BECOMES HABIT,

BECOMES ROUTINE.

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۶۰۵

تیرا نام سُن کر جان میں جان آئی۔!
مغموم تھی، مسرور ہوئی
مدہوش تھی، ہوش میں آئی
بے کیف تھی، پُرکیف ہوئی
زندگی، زندگی پا کر مُسکرائی

یہ کلام میرا نہیں، کسی اور کا ہے

ایک رات جنگل میں ایک محفل لگی ہوئی تھی
حاضرین
حلقہ باندھے، خاموش، اللہ کی
یاد میں محو تھے۔

ایک رِند بے خود ہو کر اُچھلا۔

کودا ۔ اور بولا :

....

حاضرین تاب

نہ لا سکے !

وجد طاری ہُوا

پھر بولا :

کسی اور کو ہمارا یہ حال

کبھی نہ بتانا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۰۶

ایک اور لولا :

من دھندلا ہے

غفلت کا شکار

ورنہ یہ جوہر تیرے اپنے اندر موجود ہے

نہ غور کیا نہ مانا

اسی باعث حیرت زدہ !

سوتے کو جگانا معیت ہی کے نور کی

تاثیر ہوتی ہے ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۶۰۷

ایک اور بولا :

تیرے آئے بناں
گل پھبدی نیئں

یاحیُّ یاقیُّوم

تیری یاد نے

اے او یاد کرنے والے

اِس دل میں دھوم مچا رکھی ہے
کسی کے بھی روکے کبھی نہیں رُکتی
اُبھر اُبھر کر اور بدل بدل کر
رنگ پہ رنگ چڑھائے رکھتی ہے

اِس حال میں، اللہ کرے، یہ مَن
کبھی غافل نہ ہو۔ سرمدی سُرور کا متوالا رہے

تیری یاد کا کرم

یا اکرم الاکرمین

بن پائے آرام نہ آئے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۶۰۸

اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی ﴿ (العلق: ۱۴)

کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ اسکو دیکھتا ہے ؟

فَاعْلَمْ اَللّٰہُ مَعِی فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا

خوب یاد رکھ اللہ تیرے ساتھ ہے اور اللہ سب سے بڑھ کر حفاظت کرنے والا ہے

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۶۰۹

فَاعْلَمْ ثُمَّ فَاعْلَمْ

یاد ہی کی بدولت

یاد آئی یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

۱۰۶۱۰

کبھی خوش حال

کبھی بدحال

اسی طرح ہر حال یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۰۶۱۱

جس طرح دن بدلتے رہتے ہیں

اسی طرح عمریں ۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۰۶۱۲

بتا! اِس دُنیائے دُوں میں
سُکھی کون ہے؟
ایک بھی نہیں
اِلّا بِذِکرِ اللہ، ماشاءَ اللہ!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۱۳

بعض ارواح، جسمِ الوجود سے دفعتہً پرواز کر جاتی ہیں۔ کوئی دیر نہیں لگتی۔ دَم ہی دَم میں دَم بدل جاتا ہے۔ اور بعض ـــ؟ الامان الامان

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۱۴

اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰی ؕ (العلق: ۱۴)

کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ اسکو دیکھتا ہے؟

ہر شے جو تو کرتا ہے اور دیکھتا ہے
اللہ حاضر و ناظر ہے، کوئی بھی شئے اُس سے
اوجھل نہیں۔ ظاہر و باطن ایک۔

اگر کوئی اسے تسلیم کر لے،
یہی تیرے جمال کا کمال!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيم

۱۰۶۱۵

"میں" "تو" کی ضد ہے!

جب میں ہوتا ہوں
تو نہیں ہوتا
جب تو ہوتا ہے
میں نہیں ہوتا

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۰۶۱۶

تخلیقُ الانسان

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ — تحقیق ہم نے پیدا کیا انسان کو
فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ۝ — نہایت اچھی صورت میں

ثُمَّ رَدَدْنٰهُ — پھر بدل دیا اس (کی حالت) کو

اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ۝ — پست سے پست (حالت) کی طرف

اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا — سوائے اُنکے جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ — اور وہ نیک عمل کرتے رہے

فَلَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ — ان کے لیے بے انتہا اجر ہے

(سورۃ التین آیت ۴ تا ۶)

ابتدا ——— کمال

انتہا ——— زوال

الا بذکر اللہ، ماشاء اللہ

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۰۶۱۷

ارذل العمر سے پناہ

عمر کا کوئی بھی دم ضائع نہ ہو ،
اللہ ہی کے پسندیدہ کام میں محو رہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۶۱۸

اَللّٰہُ الصَّمَدُ

اللہ بے نیاز ہے۔ جسے چاہے بخش دے

تیری بے نیازی کی کوئی بھی حد نہیں۔ بخشنے پہ آئے
تو کافر کو مومن بنا کر بخش دے   اور

سیّئات کو حسنات میں تبدیل

کر دے ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۱۹

اَستَغفِرُاللہ

بس کہنے ہی کی دیر ہے
بخش دیتا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۲۰

عمل کی تاثیر کسی عامل سے پُوچھ !

عامل کبھی فارغ نہیں ہوتا، عمل کا نُور ہمہ وقت تنا رہتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۲۱

سفر کی صعوبت کسی مُسافر سے پوچھ اور ہجرت کی برکات مہاجر سے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۲۲

طالب کا جب مطلوب سے رشتہ جُڑ جاتا ہے، غیریت کے تمام دفتر لپیٹ کر فارغ البال ہو جاتا ہے۔ کوئی بھی غیر پھر اس میں نہ آسکتا ہے، نہ سما۔

اور اہلِ طریقت اسے توحید کہتے ہیں

من و تو کی تمیز فطری ہے، باقی رہتی ہے

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۲۳

ملامت ــــــ گُدڑی

میں

لعل

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۲۴

تصوّرِ تام

قلب

سمع

بصر

قریب تر ہو کر پھیلتے پھیلتے ہر سُو پھیلا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۲۵

کلام انٹ سنٹ تھا،

کئی روشن ضمیروں کے کام آگیا۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۲۶

ہر طبقہ کا ہر بندہ ایک دوسرے کا حاسد ہے
گویا ظلمت کدہ بنا ہوا ہے۔ دیکھنے میں حنیف،
حقیقتاً حاسد۔

جب تک کوئی حسد سے پاک نہیں ہوتا، روشن نہیں
ہوتا۔ اور یہ بھی ایک ختم الکلام ہے۔ ہر کلام کی تصدیق

جذب کُلیتاً حسد سے پاک ہوتا ہے۔ پہلے ہی قدم پہ
حسد کو جلا کر اڑا دیتا ہے۔

گنتی کے چند بندے ہوتے ہوں گے جو حسد سے پاک
ہوں! ابھی تک کوئی ملا تو نہیں ! ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۲۷

جذب اپنے ہی حال میں محو۔ ماسوا سے دُور کا بھی واسطہ نہیں رکھتا۔ طریقت میں اسے لگن کی مگن کہتے ہیں۔

جذب بولا: میں کچھ بھی نہیں اور کچھ بھی نہیں رکھتا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۲۸

صدق بولا: میں جھوٹ کی بدبو سے میل بھر دُور بھاگ جاتا ہوں۔ کراہت کے باعث پاس آنے کا متحمل نہیں۔ جب تک کذب کی نحوست دُور نہیں

ہوتی، باہر کھڑے انتظار کرتا رہتا ہوں۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۶۲۹

عمل بولا: اگر میں غیبت سے پاک ہوتا، منوّر ہوتا۔ غیبت مجھے لے ڈوبی۔ اگر مجھ میں قطعاً غیبت نہ ہوتی، روشن ضمیر ہوتا۔ تیرا کلام، اللہ کا کلام ہوتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۶۳۰

(بندے سے)

اگر تیری مرضی ہوتی تو کیا کچھ نہ کرتا؟ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۶۳۱

بندہ اپنی مرضی کا نہیں، تیری ارادت کا پابند ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۶۳۲

ہر کوئی اپنی اپنی منزل پہ رواں دواں۔

کوئی بھی باز نہیں رہتا۔

اسی طرح ھم۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۶۳۳

تو کہتا ہے: اللہ تیرے اندر رہتا ہے
تیرے اندر بستا ہے
کوئی شک نہیں۔ مطلق نہیں۔
پھر کیوں تم ان سے، وہ تجھ سے، ملتے نہیں؟
گویا مطمئن نہیں۔ ناآشنا ہو۔
کہنے والے نے تو پرلے درجہ کی بات بتادی
تم جانو ـــــــ وہ جانیں۔

یاحیُّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۶۳۴

مجھے آقا مت کہا کرو
میں کسی کا بھی آقا نہیں۔

وہ اور وہی میرے آقا (روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيم

۱۰۶۳۵

لطافت کا مکین ۔ جمیل پردوں میں مستُور

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيم

۱۰۶۳۶

نفس کے محسوسات، رجحانات

اور حرکات عین رُوبرو اور عین ناپسند

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيم

۱۰۶۲۷

اللہ سے ڈرا کرو۔ ڈرتے ہی رہا کرو،
اور ایسے ڈرا کرو جیسے کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے
اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی ۝
(کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ اسکو دیکھتا ہے؟)
جو کام اللہ کو ناپسند ہیں، مت کیا کرو
اور پسندیدہ میں محو رہا کرو۔ یاحی یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ ۝
نہیں کوئی نفس جس پر چوکیدار نہ ہو۔
الطارق۔ آیت ۴

۱۰۶۲۸

هُو کے مقام پہ
کوئی اور مقام نہیں۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۶۲۹

احدیت کی محوّیت کا خمار
کسی واحد سے پُوچھ اور
ناداری کا کسی نادار سے !

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۰۶۴۰

۱۳۶۲ھ کی بات ہے، میں فوج سے چھٹی پہ گھر آیا تو والدِ محترم نے ایک قصّہ سنایا جو مجھے آج تک بھول نہ سکا۔ نہ صرف اِس بنا پر کہ یہ قصّہ بہت اہم ہے، بلکہ اِس وجہ سے بھی کہ جب میں چھُٹّی گزار کر اپنی ڈیوٹی پہ پہنچا تو چند روز بعد مجھے گھر سے ان کی وفات کی اطلاع ملی۔ گویا یہ انکی مجھ سے آخری ملاقات تھی۔ انہوں نے بتایا کہ کسی جنگل میں ایک فقیر رہتا تھا۔ اسکے پاس کوئی دنیوی سازو سامان نہ تھا۔ یہاں تک کہ گھاس کی کُٹّی بھی نہیں جس میں وہ سردی، گرمی، آندھی یا بارش سے خود کو محفوظ رکھتا۔ البتہ اس کے پاس ایک کتاب تھی جسے وہ ہمہ وقت پڑھنے میں مصروف رہتا اور اسے خود سے جُدا نہ کرتا۔ یہی کتاب اسکی تمام

دلچسپیوں کا محور اور اس کا واحد اثاثہ تھی جسے وہ اپنی جان سے بھی بڑھ کر عزیز رکھتا۔ یہ کتاب اس کے شیخ نے اُسے عنایت کی تھی اور فرمایا تھا کہ اس سے کبھی غافل نہ رہنا۔ فقیر نے شیخ کے حکم پہ عمل کرتے ہوئے ایک مدّت اسی حال میں گزاری۔ جنگل کی کھلی فضا اسکا گھر، زمین اس کا بچھونا اور کھُلا آسمان ایک سائبان تھا جس کے نیچے اسکے شب و روز گزرتے۔ بھُوک لگتی تو جنگل کے پھَل پھُول کھا کر گزارہ کرتا۔ اُسے اپنے پھٹے پُرانے ملبُوس کی پروا نہ تھی لیکن اس کتاب سے وہ کبھی غافل نہ رہتا۔ بارش ہوتی تو کسی گنجان درخت کی اوٹ میں کتاب کو سینے سے لگائے، آگے کو جھکے، اس طرح بیٹھ جاتا کہ وہ بھیگنے نہ پاتی۔ فقیر کی یہ جگہ بستی

سے دُور تھی اس لیے کوئی شخص اسکی محویت میں
مخل نہ ہوتا تھا۔ ہاں کبھی کبھار کوئی اِکّا دُکّا آدمی
ادھر آنکلتا۔ ایک شخص کو فقیر کے حال سے دلچسپی
پیدا ہُوئی۔ وہ اکثر حاضرِ خدمت ہونے لگا۔ اُس نے
دیکھا کہ یہ فقیر متاعِ دُنیوی میں سے کچھ بھی نہیں رکھتا
سوائے ایک کتاب کے جس کی حفاظت وہ کسی قیمتی
خزانے کی طرح کرتا ہے، تو اُس نے سوچا کیوں نہ
ایک کُٹیا بنا دی جائے تاکہ فقیر کو کتاب کی حفاظت
کی پریشانی نہ رہے۔ اُس نے کٹیا بنانے کی اجازت
طلب کی۔ فقیر نے خاصے تردّد کے بعد یہ سوچ کر اجازت
دے دی کہ کُٹیا میرے لیے نہیں، کتاب کی خاطر بنائی
جائے گی۔ سو کُٹیا تیار ہو گئی۔ قریب ہی کچھ لوگوں نے
جھونپڑے بنا لئے۔ رفتہ رفتہ وہاں ایک بستی بس گئی۔

فقیر کی شہرت بھی بڑھنے لگی اور عقیدت مند زائرین کی تعداد بھی۔

چنانچہ دُور دراز سے آنے والے زائرین کیلئے لنگر کا انتظام ضروری خیال کیا گیا۔ لنگر کے باعث وہاں چوہے آموجود ہوئے اور لنگر کو چوہوں سے بچانے کیلئے ایک بلّی لائی گئی۔ بلّی کے پینے کے لیے دُودھ کی ضرورت پیش آئی تو ایک عقیدت مند نے وہاں گائے لا باندھی۔ عقیدت مند بالعموم گائے کے لیے گھروں سے چارا لے آتے لیکن کبھی ایسا بھی ہوتا کہ کوئی شخص کچھ بھی نہ لاتا تو فقیر کو خود گائے کے لیے گھاس لانا پڑتی۔ ان مصروفیات کے باعث کتاب کی جانب سے اسکی توجہ گھٹتی گئی اور طاق میں رکھی ہوئی کتاب مٹی سے اٹتی گئی۔ ایک رات اس کے

شیخ خواب میں اُسے ملے اور تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا تمہیں کتاب کی حفاظت کے لیے کہا گیا تھا، تم گائے کے چارے میں پھنس گئے ہو؟ فوراً اس کی آنکھ کھُل گئی۔ شیخ کے الفاظ اُس کے کانوں میں گونج رہے تھے۔ ایک ایک لفظ دماغ پہ ہتھوڑے کی طرح برس رہا تھا۔ اس کا رُواں رُواں کانپنے لگا۔ آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی۔ احساسِ ندامت نے اسے پسینہ پسینہ کر دیا۔ اس نے خود کو جھنجھوڑا۔ غفلت کی دُھند چھٹ گئی۔ فیصلے کی گھڑی آن پہنچی۔ وہ بڑے جوش سے اُٹھا۔ گائے کا رسّہ کھول کر اُسے آزاد کر دیا۔ کُٹیا کا تنکا تنکا بکھیر دیا۔ سارا سامان کھڑے کھڑے لٹا دیا۔ طاق سے کتاب اُٹھائی۔ اسے صاف کیا۔ بغل

میں دبایا اور جنگل کی راہ لی۔ ایک مدّت کا
بھٹکا ہوا مسافر
پھر سے اپنی منزل پہ گامزن ہو گیا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۶۴۱

جب بھی کوئی غیر تیرے دل میں داخل ہو،
تیرا تکیۂ کلام ہو
اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئاً
جانِ افزا کلام
مقبول ترین کلمات

تیرے حکم کے بغیر کوئی کچھ بھی کرنے پہ کوئی
قدرت نہیں رکھتا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ تَوَاضَعَ کُلُّ

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس کی عظمت کے

شَیْءٍ لِّعَظْمَتِہٖ ط وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ

آگے ہر چیز عاجز ہے۔ اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کے

الَّذِیْ ذَلَّ کُلُّ شَیْءٍ لِّعِزَّتِہٖ ط

لیے ہے کہ جس کی عزت کے سامنے سب چیزیں ذلیل ہیں

وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَضَعَ کُلُّ شَیْءٍ

اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جس کی حکومت کے سامنے

لِّمُلْکِہٖ ط وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ

ہر شے جھکی ہوئی ہے۔ اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے

اسْتَسْلَمَ کُلُّ شَیْءٍ لِّقُدْرَتِہٖ ط

جس نے ہر چیز کو اپنی قدرت کے مطیع کر رکھا ہے۔

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہے

الحمد للہ الذی .... الخ

اور اس کے ذریعے اللہ تعالےٰ کے پاس کی چیز (رحمت وبخشش) طلب کرے تو اللہ تعالےٰ اس کے لیے ہزار درجے بلند کرتے ہیں اور ستر ہزار فرشتوں کو اس کے لیے قیامت تک استغفار کرنے کے لیے مقرر فرما دیتے ہیں۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۲۲/۳)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۶۴۲

مکرّر

کوئی بھی شے
تیری محویت میں
کبھی مُخِل نہ ہو۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۶۴۳

یہ کثافت ہے، یہ لطافت

جسم الوجود ــــــ کثیف

روح ــــــ لطیف

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیۡ لَآ اُشۡرِکُ بِہٖ شَیۡئًا ط

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیۡ لَآ اُشۡرِکُ بِہٖ شَیۡئًا ط

جس نے بھی اِس کو مان لیا، وہ مان گئے!

کہنا ——— دو حرفی کلام

سہل ترین

عمل ——— مشکل ترین

ہوتا ہے، ضرور ہوتا ہے مگر شاذ و نادر۔

ابھی تک دیکھنے میں نہیں آیا!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ

۱۰۶۴۴

قبر کا حال کسی مرنے والے سے پوچھ!
بندہ اسکی تاب نہیں لا سکتا۔
اور ہر کسی نے اور کسی ایک دن
مر ہی جانا ہے اور دُنیا چھوڑ جانی ہے
اب! کہاں گئی وہ دنیا جو تیری
آخرت میں کام نہ آئی؟
اور آخرت دُنیا ہی میں کمائی
جاتی ہے!

زندگی ایک دَم ہے، ضائع نہ کر۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۴۵

WHERE THERE IS

NO MAN'S LAND

AND NO PROPERTY,

LIVE LIKE ONE

WHOM ALLAH LIKES.

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۶۲۶

CHANGE OF TASK

FRESHENS THE MIND.

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اس نام سے

الطَّاھِرِ الطَّیِّبِ الْمُبَارَکِ الْاَحَبِّ

جو طاہر ہے طیب ہے مبارک ہے تجھے سب سے

اِلَیْکَ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِہٖ

زیادہ پسند ہے وہ نام جس کے ساتھ تجھ سے دعا مانگی جائے

اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِہٖ اَعْطَیْتَ

تو قبول فرماتا ہے اور جب اس کے ساتھ تجھ سے سوال کیا جائے

وَ اِذَا اسْتُرْحِمْتَ بِہٖ رَحِمْتَ وَ اِذَا

تو عطا فرماتا ہے اور جب اس کے ساتھ تیری رحمت مانگی جائے تو

اسْتُفْرِجْتَ بِہٖ فَرَّجْتَ ٥ مَرَّۃً

رحمت فرماتا ہے اور جب اس کے ساتھ فراخی مانگی جائے تو فراخی عطا فرماتا ہے (ایک بار)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَدۡعُوۡكَ اللّٰهَ وَ

اے اللہ! میں تجھے اسم اللہ سے پکارتا ہوں اور اسم

اَدۡعُوۡكَ الرَّحۡمٰنَ وَ اَدۡعُوۡكَ

رحمٰن سے پکارتا ہوں اور پکارتا ہوں البرّ الرحیم

الۡبَرَّ الرَّحِیۡمَ وَ اَدۡعُوۡكَ

نام سے اور میں تیرے سارے اسماء الحسنیٰ (یعنی

بِاَسۡمَآئِكَ الۡحُسۡنٰی كُلِّهَا مَا

اچھے ناموں) کے ساتھ تجھ سے دعا کرتا ہوں جو میں ان

عَلِمۡتُ مِنۡهَا وَمَا لَمۡ اَعۡلَمۡ

میں سے جانتا ہوں اور جو میں نہیں جانتا کہ تُو مجھے بخش دے

اَنۡ تَغۡفِرَ لِیۡ وَ تَرۡحَمَنِیۡ ۝ مَرَّةً

اور مجھ پر رحم فرما۔ (ایک بار)

اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے

کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم

کو یہ پڑھتے ہوئے سُنا اللّٰھم انی اسئلک ... الخ

فرمایا کہ ایک روز حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم مجھ سے

فرمانے لگے عائشہؓ! کیا تمہیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے

مجھے وہ نام بتا دیا ہے جس کے ذریعہ سے دُعا کی جائے

تو قبول ہوتی ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ

علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، وہ

نام آپ مجھکو بتلا دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا اے عائشہؓ!

تیرے لائق نہیں کہ میں تجھے سکھاؤں اور نہ ہی تیرے

یہ لائق ہے کہ تو اس کے ذریعے دُنیا کی کوئی چیز طلب

کرے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں اُٹھی، وضو

کیا، پھر دو رکعت نماز (نفل) پڑھی۔ پھر میں نے دُعا

کی۔ (اللّٰھم انی ادعوک ..... الخ)

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے (یہ سنکر) تبسم فرمایا۔ پھر فرمایا بے شک وہ ان اسماء میں سے ہے جن کے ساتھ تو نے دُعا کی ہے۔

(سنن ابن ماجہ / کتاب العمل بالسنۃ رحم ص ۵۶ / ۵۵)

۱۰۶۴۷

ہَمّ وحُزن کی بدولت ہی مکروب کے درجات بُلند ہوتے ہیں۔ میل کچیل کو صاف کر دیتے ہیں۔ اور یہ اللہ ہی کی طرف سے ہوتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ ط یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۰۶۴۸

کائنات میں بولتی ہوئی ہر آواز تیری ہی پیدا کردہ ہے اور تو ہر آواز سنتا ہے۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۴۹

روح جب پاک ہو جاتی ہے، ارواح سے ملاقی ہونے کی استعداد پیدا کر لیتی ہے اور شوق بھی مگر وہ اور صرف وہ اپنی ہی بے مائیگی

پہ نادم۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۵۰

تیرے حکم کے بغیر جسم الوجود کا کوئی عضو حرکت میں نہیں آ سکتا

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا مَنجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ ، یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۶۵۱

جسم الوجود کی فنا ہی اصل فنا ہے۔

جُملہ مدارج ـــــــ منہیات و ماموارت کے تابع

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۶۵۲

دیکھ رہا ہے

سُن رہا ہے

کر رہا ہے

اور کیا چاہتے ہو ؟

کیا یہ کافی نہیں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۵۳

الٓمّٓ ۝ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الحَیُّ القَیُّومُ ۝ (آل عمران ۲،۱)

حیّ کو فنا نہیں

قیّوم کو زوال نہیں ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۵۴

فطرت کبھی نہیں بدلتی۔
قُدرت کی حِکمت فطرت پہ حاوی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیم

۱۰۶۵۵

شَیاءً میں ہر شے شامل
اور
قدیر ہر شے پہ قادر ___ قادر المقتدر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیم

۱۰۶۵۶

طریقت میں کلمہ طیبّہ کا ضامن ــــ شیخ

لا الہ الا اللّٰہ محمّد رسول اللّٰہ

صلی اللّٰہ علیہ وسلم

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۶۵۷

توجہ کسی بھی زبان میں

ادا ہوسکتا ہی نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۰۶۵۸

یہ بندہ صرف اپنی تحریر کا ذمّہ دار ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۶۵۹

میرا کوئی شریک نہیں ،

ہر کوئی میرا شریک بنا ہُوا ہے !

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۶۶۰

نہ مسکراہٹ ، نہ گھبراہٹ ۔

دونوں ایک ، یا حیّ یا قیوم
الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۶۶۱

حال سے کلام۔
کلام کو پہچان۔
یہی کلام کی شان۔

اور جاننے والا ہی کسی کو پہچان سکتا ہے۔
اگر دیکھنا ہی ہے تو خلق کو دیکھ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۶۲

اہلِ قبور کا حال دیکھ کر جیتے جی مر مر جائیں

یا حیّ یا قیوم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ
عَذَابِ الۡقَبۡرِ وَ فِتۡنَۃِ الۡقَبۡرِ ط

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۶۶۳

پیدا کرنا

پالنا

ہدایت دینا

مارنا

پھر زندہ کرنا اور

بخشنا

تیرے ہی قبضۂ قدرت میں محفوظ! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۶۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِوَجْهِكَ

اے اللہ! بیشک میں آپ سے سوال کرتا ہوں آپ کے

الْكَرِيْمِ وَ اَمْرِكَ الْعَظِيْمِ

بزرگ چہرے (ذات) کے طفیل اور آپ کے عظمت والے حکم کے وسیلہ سے

اَنْ تُجِيْرَنِىْ مِنَ النَّارِ وَالْكُفْرِ

یہ کہ آپ مجھے محفوظ فرمائیں آگ سے اور کفر سے

وَالْفَقْرِ ۝

اور تنگدستی سے۔

اسے دیلمی نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(کنزالعمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۹۳)

تیری ذاتِ قُدس کا نُور پتہ پتہ ذرّہ ذرّہ میں
جلوہ گر ہے اور یہی مومن کے ایمان کا ظہور ہے۔

یَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا
وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی

تیرے نور کا جمال جلوہ فگن رہے پھر
کوئی بات، کوئی بات نہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم　فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَ

میں پناہ لیتا ہوں آپ کے بزرگ چہرے یعنی ذات کی اور

بِاسْمِكَ الْكَرِيْمِ مِنَ الْكُفْرِ

آپ کے بزرگی والے نام کی		کفر سے

وَالْفَقْرِ ط

اور تنگدستی سے

حضرت عبدالرحمٰنؓ بن ابی بکر رضی اللہ عنہ، کہتے ہیں کہ مَیں نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ پڑھتے ہوئے سنا۔

اعوذ بوجهك .... الخ

اسے طبرانی نے روایت کیا ہے!

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ صفحہ ۹۲)

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَعُوۡذُ بِوَجۡهِكَ الۡكَرِيۡمِ

اے اللہ بے شک میں پناہ لیتا ہوں آپ کے بزرگ چہرے یعنی

وَاسۡمِكَ الۡعَظِيۡمِ

ذات کی اور آپ کے عظمت والے نام کی

مِنَ الۡكُفۡرِ وَالۡفَقۡرِ ٥

کفر سے اور تنگدستی سے

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا۔

اللّٰھم انی اعوذ بوجھك .... الخ

اسے طبرانی نے کبیر میں روایت کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۳/۹۲)

۱۰۶۶۵

ایک دن

ذخیرہ میں سے سُوکھا گرا ہوا بالن اُٹھانے لگا،
بیلدار بولا "رکھ دو۔ مت اٹھاؤ!"

ایک اور دن

گُلّی کے لیے جنگل میں درانتی سے سرکنڈا
کاٹنے لگا، روک دیا "مت کاٹو!"

پھر ایک اور دن

چھوٹی سی ٹاہلی کا بُوٹا اکھاڑنے لگا،
"کون ہو؟ مت اکھاڑو!"

یہ تھی میری زندگی!

ماشاءاللہ!

اسے کبھی مت بھولنا!

اور پھر کسی دن

دوپہر کے وقت ، خادمہ مرحومہ (دارالاحسان)

میرے لیے ایک دکان سے تین آنے کا شربت

لینے گئی۔ دکاندار نے شربت گلاس میں

ڈال دیا۔ جب واپس جانے لگی ، دکاندار

بولا "نہیں جی ! اُدھار نہیں"!

اور شربت واپس انڈیل لیا !

یا حیّ یا قیوم

یاذاالجلال والاکرام !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَغۡفِرُکَ لِذَنۡبِیۡ

اے اللہ میں بخشش طلب کرتا ہوں تجھ سے اپنے گناہوں کی

وَاسۡتَھۡدِیۡکَ لِمَرَاشِدِ اَمۡرِیۡ

اور رہنمائی طلب کرتا ہوں تجھ سے اپنے کام کی درستی کے لیے

وَاَتُوۡبُ اِلَیۡکَ فَتُبۡ عَلَیَّ

اور میں توبہ کرتا ہوں تیرے حضور میں پس میری توبہ قبول فرمالے

اِنَّکَ اَنۡتَ رَبِّیۡ ط اَللّٰھُمَّ

بے شک تو ہی میرا رب ہے اے اللہ !

فَاجۡعَلۡ رَغۡبَتِیۡ اِلَیۡکَ

پس کر دے میری رغبت کو تو اپنی طرف

وَاجۡعَلۡ غِنَایَ فِیۡ صَدۡرِیۡ

اور رکھ دے میری استغنا میرے سینے میں

وَبَارِکْ لِیْ فِیْ مَا رَزَقْتَنِیْ

اور برکت عطا فرما مجھے اس میں جو کچھ تو نے مجھے دیا

وَ تَقَبَّلْ مِنِّیْ

اور قبول فرمالے میری یہ دُعا

اِنَّکَ اَنْتَ رَبِّیْ ۝

بے شک تو ہی میرا پروردگار ہے۔

اسے ابنِ ابی شیبہ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، سے روایت کیا ہے!

الحصن الحصین صہ ۲۹۱ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ صہ ۱۱۲

یا حیّ یا قیوم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ	میں مانگتا ہوں تجھ سے
خَیْرَ الْمَسْاَلَۃِ	بہتر سوال
وَ خَیْرَ الدُّعَآءِ	اور بہتر دُعا
وَ خَیْرَ النَّجَاحِ	اور بہتر کامیابی
وَخَیْرَ الْعَمَلِ	اور بہتر عمل
وَ خَیْرَ الثَّوَابِ	اور بہتر اجر
وَ خَیْرَ الْحَیٰوۃِ	اور بہتر زندگی
وَخَیْرَ الْمَمَاتِ	اور بہتر موت
وَ ثَبِّتْنِیْ	اور ثابت قدم رکھ مجھ کو
وَ ثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ	اور بھاری کر دے میری نیکیوں کے پلڑے کو

وَحَقِّقْ اِيْمَانِىْ	اور سچّا ایمان عطا کر مجھے
وَارْفَعْ دَرَجَتِىْ	اور بلند فرما میرے درجہ کو
وَتَقَبَّلْ صَلَاتِىْ	اور قبول فرما میری نماز کو
وَاغْفِرْ خَطِيْئَتِىْ	اور بخش دے میرے گناہ
وَاَسْئَلُكَ	اور سوال کرتا ہوں مَیں تجھ سے
الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ	جنّت کے بلند درجات کا
آمين	آمین

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ	اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں
فَوَاتِحَ الْخَيْرِ	خیر کی ابتدائیں بھی
وَخَوَاتِمَهٗ	اور اسکی انتہائیں بھی
وَجَوَامِعَهٗ	اور سب کا سب خیر (دینی و دنیاوی)
وَاَوَّلَهٗ	اور اس کا اوّل بھی
وَظَاهِرَهٗ	اور اس کا ظاہر بھی
وَبَاطِنَهٗ	اور اس کا باطن بھی

وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى	اور بلند درجے
مِنَ الْجَنَّةِ (آمین)	جنت کے (آمین)

—•◄✱►—

اَللّٰهُمَّ	اے اللہ!
اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ	میں مانگتا ہوں تجھ سے
خَيْرَ مَآ اٰتِیْ	بھلائی اسکی جو میں لاؤں
وَخَيْرَ مَآ اَفْعَلُ	اور بھلائی اسکی جو میں فعل کروں
وَخَيْرَ مَآ اَعْمَلُ	اور بھلائی اسکی جو میں عمل کروں
وَخَيْرَ مَا بَطَنَ	اور بھلائی اسکی جو پوشیدہ ہے
وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ	اور بھلائی اسکی جو ظاہر ہے
وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى	اور بلند درجات
مِنَ الْجَنَّةِ (آمین)	جنت کے (آمین)

—•◄✱►—

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ!
اِنِّیْ اَسْئَلُکَ	میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
اَنْ تَرْفَعَ ذِکْرِیْ	کہ بلند کردے تو میرے ذکر کو
وَ تَضَعَ وِزْرِیْ	اور اُتار دے تو میرے بوجھ کو
وَ تُصْلِحَ اَمْرِیْ	اور درست کر دے تو میرے کام کو
وَتُطَهِّرَ قَلْبِیْ	اور پاک کردے تو میرے دل کو
وَ تُحَصِّنَ فَرْجِیْ	اور بچائے رکھ تو میری شرمگاہ کو
وَ تُنَوِّرَ لِیْ قَلْبِیْ	اور روشن کر دے تو میرے دل کو
وَتَغْفِرَ لِیْ ذَنْبِیْ	اور بخش دے تو میرے گناہ
وَ اَسْئَلُکَ	اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے
الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی	بلند درجوں کا
مِنَ الْجَنَّۃِ	جنّت میں۔
آمین	آمین

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اِنِّیْ اَسْئَلُکَ	مَیں تجھ سے سوال کرتا ہوں
اَنْ تُبَارِکَ لِیْ	کہ تُو برکت عطا فرما مجھے
فِیْ نَفْسِیْ	میری جان میں
وَفِیْ سَمْعِیْ	اور میرے کان میں
وَفِیْ بَصَرِیْ	اور میری آنکھ میں
وَفِیْ رُوْحِیْ	اور میری روح میں
وَفِیْ خَلْقِیْ	اور میرے وجود میں
وَفِیْ خُلُقِیْ	اور میرے اَخلاق میں
وَفِیْ اَھْلِیْ	اور میرے اہل میں
وَفِیْ مَحْیَایَ	اور میری زندگی میں
وَفِیْ مَمَاتِیْ	اور میری موت میں
وَفِیْ عَمَلِیْ	اور میرے عمل میں

وَتَقَبَّلْ حَسَنَاتِیْ	اور قبول فرمالے میری نیکیوں کو
وَاَسْئَلُکَ	اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے
الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی	بلند درجات کا
مِنَ الْجَنَّةِ ط	جنّت میں
آمِیْن	آمین

حضرت اُمِّ سلمے رضی اللہ عنہا، حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلّم سے روایت کرتی ہیں کہ یہ وہ کلمات ہیں جن سے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے پروردگار سے سوال کیا کرتے تھے :

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ .... الخ

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے

(المستدرک للحاکم / کتاب العلم بالسنۃ ج ۱ ص ۹۵ تا ۹۷)

۱۰۶۶۶

خود
زرہ بکتر
ہیکل

الرحمٰن البرّ الرحیم

یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اِغْفِرْلِیْ خَطَایَ	بخش دے میری خطا کو
وَذُنُوْبِیْ کُلَّھَا	اور میرے تمام گناہوں کو
اَللّٰھُمَّ اَنْعِشْنِیْ	اے اللہ ! میرا مرتبہ بلند کر
وَ اَحْیِنِیْ	اور مجھے زندگی عطا کر
وَاجْبُرْنِیْ	اور میری بگڑی بنا دے
وَارْزُقْنِیْ	اور مجھے رزق عطا کر
وَاھْدِنِیْ	اور مجھے راہ دکھا
لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ	اچھے اعمال کی
وَالْاَخْلَاقِ	اور اخلاق کی
اِنَّہٗ لَا یَھْدِیْ	بلاشبہ کوئی رہنمائی نہیں کر سکتا
لِصَالِحِھَا	صالح اعمال کی طرف

وَلَا يَصْرِفُ — اور کوئی ہٹا نہیں سکتا

سَيِّئَهَآ — بداعمال سے

إِلَّآ أَنْتَ ۝ — سوائے تیری ذات کے

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ، فرماتے ہیں کہ میں نے ہر نماز کے بعد حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ دُعا پڑھتے سُنا ہے۔

اللّٰھم اغفرلی .... الخ

(الحصن الحصین / کتاب العمل بالسنۃ ۲۰۲ صـ ۱۰۵)

۱۰۶۶۷

ذکرِ دوام

نماز اور قرآنِ کریم کی تلاوت کے سِوا وضو کی پابندی سے مستثنیٰ۔ یاحیّ یاقیّوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِیْم

۱۰۶۶۸

اوّل، آخر، ظاہر، باطن ــــ ایک
کوئی شک نہیں

جو ظاہر ہے، وہی باطن

ظاہر کو دیکھنا ہی باطن کا قرار
وہی اوّل ہے، وہی آخر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۰۶۶۹

طریقت الاناب

کی منزل کا ایک اہم رکن

یا بُدُوحُ

اور اہم کردار ——— نفیٔ تام

نہ اقرار نہ منکر

اِلّا ماشاءَ اللہ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضلِ العظیم

۱۰۶۷۰

جمال کے تین مدارج :

و کبھی کبھی

و دِن میں کئی بار

و جب چاہے

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۶۷۱

بعض مقامات راجگان ہی کو عنایت ہوئے

جیسے بلخ

عوام ان کی تاب نہ لاسکے ، پِھر گئے ۔

اِسی طرح کئی اور ۔

یاحیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۰۶۷۲

حضرت ابراہیم ادھم قدس سرہ العزیز کو کس لذّت نے بلخ کے چالیس شہزادوں کی بادشاہی چھوڑنے پہ مجبور کیا؟ شاہی چھوڑ کر گدائی اختیار کی اور ہمیشہ فرماتے:

یہ سودا بڑے ہی سستے داموں ملا!

حوادثِ دہر کا کوئی بھی واقعہ انکی توجہ اپنی طرف مبذول نہ کرا سکا۔

تاقیامت رہنمائی کا وارث بنا۔

یہ تھی اور ہے حیاتِ جاودانی کی حقیقت!

دُنیا مر گئی ــــــ مرے جا رہی ہے

خصلت کبھی نہ مری ،

ہمیشہ زندہ رہی اور زندگی کا پیغام

سناتی رہی ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۶۷۳

اَلجَمَاعَة ـــ

منبعِ فیوضِ البرکات ، ماشاءاللہ !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۶۷۴

تصوّر نے مصوّر کی پوری تصویر کھینچ لی ۔

کمال نہیں تو کیا ہے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۰۶۷۵

گردان

مصدر ـــــ اَلْقَدْرُ ـــــ اندازہ کرنا

فعل ماضی ـــــ قَدَرَ ـــــ اس نے اندازہ کیا

مضارع ـــــ یَقْدِرُ ـــــ وہ اندازہ کرتا ہے یا کرے گا

مصدر ـــــ قَدْرًا ـــــ اندازہ کرنا

اسم فاعل ـــــ قَادِرٌ ـــــ اندازہ کرنے والا یا قدرت رکھنے والا

اسم مفعول ـــــ مَقْدُورٌ ـــــ جس چیز کا اندازہ کیا گیا ہو یا قدرت کا جس پر تصرّف ہو

ماضی مجہول ـــــ قُدِرَ ـــــ اندازہ کیا گیا

مضارع مجہول ـــــ یُقْدَرُ ـــــ اندازہ کیا جائے

یاحیُّ یاقیُّوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيْم

۱۰۶۷۶

سات کافی ہیں :

۱	وَ هُوَ عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝
۲	اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝
۳	لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝
۴	فَاِنَّكَ عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝
۵	اِنَّكَ عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝
۶	وَاَنْتَ عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝
۷	وَاللّٰهُ عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرّازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۰۶۷۷

عزیز کا نام سنکر چونک اُٹھا!

اَللّٰھُمَّ یَا عَزِیْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّۃِ

وَالْعِزَّۃُ فِیْ عِزَّۃِ عِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ

بے شک تو ہی عزیز ہے — عزیز تر

سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ النَّصِیْرِ وَ سُبْحَانَ الْقَوِیِّ الْعَزِیْزِ

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۰۶۷۸

باھر ہر شے

اندر ایک

اور ایک ہی نے ہر شے کو

ہر شے بنائی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۰۶۷۹

خوب سمجھایا اور خوب سمجھا !

سمجھانے کی حد کر دی !!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۰۶۸۰

راغب ہوا اور بیزار۔

نہ رغبت کی کمی، نہ بیزاری کی

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۶۸۱

سُبحان اللہ! مُردار کھانے والی
گِدھ بھی کس لذّت سے مُردار کھا
رہی ہے
جیسے پھُول کی آغوش میں بُلبُل

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمِ

۱۰۶۸۲

انسان عین الوجود — پُتلی ہیں کائناتِ ہستی کی آنکھ کی

وَالسّبب فِی کُلِّ موجود — اور سبب ہیں ہر موجود کا

دیکھنا ہی انسان کو دیکھنا

اپنی صُورت پہ بنا کر کاریگری کی حد مکادی

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيمْ

۱۰۶۸۳

العروج فی البروج — یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضْلِ العَظِيمْ

۱۰۶۸۴

اِستغنائے جمال
اِنتہائے کمال

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیمْ

۱۰۶۸۵

اندر کی باتیں باہر مت کیا کرو

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیمْ

۱۰۶۸۶

یہ سبؐ کام
تیرے ہی کرنے والے۔
تیرے ہی لائق۔
تُو ہی کرے۔
بندہ کچھ بھی کرنے پہ کوئی قدرت نہیں رکھتا۔

دُنیائے دُوں کا کوئی بھی معاملہ
میری محویت میں مخل نہ ہو۔
ابدی سکون کا موجب، ماشاءاللہ! شکریہ!
نصیحت کنندہ خیال کا شُکریہ!!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۰۶۸۷

جو بھی بُرائی کسی نے کی،
کسی نے بھی کی،
فتنۃ القبر کا موجب!

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کی وکالت کی
کفالت نے در گزر فرما کر بخش دیا۔

یاحیّ یاقیّوم
الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ	بلاشُبہ
فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	آسمانوں اور زمین کے بنانے میں
وَاخْتِلَافِ	اور یکے بعد دیگرے
